حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل میں سے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

(۱) سورۃ الانفال میں مال غنیمت کی تقسیم میں ________ حصے بتائے گئے ہیں۔

(الف) پانچ (ب) چھ (ج) سات (د) آٹھ

(۲) جمعہ کے روز غسل کرنا ________ ہے۔

(الف) فرض (ب) واجب (ج) سنت (ج) مستحب

(۳) وضو میں ________ فرض ہے۔

(الف) دو (ب) تین (ج) پانچ (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۴) حدیث میں کس کے لئے دو خوشیوں کا ذکر آیا ہے؟

(الف) نمازی کیلئے (ب) روزہ دار کیلئے (ج) زکوٰۃ دینے والے کیلئے (د) ان میں سے کوئی نہیں

(۵) سورۃ الممتحنہ میں ________ آیات ہیں۔

(الف) 11 (ب) 12 (ج) 13 (د) 14

(۶) قرآن مجید کی حفاظت کا ذمہ ________ پر ہے۔

(الف) فرشتوں (ب) اللہ تعالیٰ (ج) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (۴) ان میں سے کوئی نہیں

(۷) علم کے معنی ہیں۔

(الف) سمجھنا (ب) جاننا (ج) غور و فکر کرنا (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۸) جہاد کے معنی ________ ہیں۔

(الف) محنت کرنا (ب) پاک کرنا (ج) قیام کرنا (د) ایثار کرنا

(۹) عائلی زندگی سے مراد ________ ہے۔

(الف) معاشرتی زندگی (ب) خاندانی زندگی (ج) انفرادی زندگی (ج) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۱۰) مومنوں کو جب اللہ تعالیٰ کی آیتیں پڑھ کر سنائی جاتی ہیں تو ان کا ________ بڑھ جاتا ہے۔

(الف) حوصلہ (ب) ایمان (ج) عزم (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۱۱) زید بن حارثؓ ________ کے منہ بولے بیٹے تھے۔

(الف) حضرت خدیجہؓ (ب) حضرت علیؓ (ج) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم (د) حضرت سلمان فارسیؓ

(۱۲) یثبتوا کے معنی ہیں۔

(الف) وہ آزاد کردیں (ب) وہ قید کردیں (ج) وہ ملک بدر کردیں (د) ان میں سے کوئی بھی نہیں

(۱۳) کذاب کے معنی ہیں۔

(الف) بیماری (ب) رواج (ج) عادت (د) فطرت

(۱۴) اعدوا کے معنی ہیں۔

(الف) تیار کرو (ب) مکمل کرو (ج) بناؤ (د) مرمت کرو

(۱۵) زکوٰۃ ________ عبادت ہے۔

(الف) جسمانی (ب) روحانی (ج) مالی (د) جسمانی اور مالی

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ مندرجہ ذیل آیات میں سے کسی بھی ایک آیت مبارکہ کا ترجمہ لکھئے۔

(i) یآیہا النبی حسبک اللہ و من تبعک من المومنین

(ii) ینسآء النبی لستن کاحد من النساء

سوال ۳۔ کفار کا خطاب کرتے ہوئے سورۃ الانفال کی آیات میں کیا تنبیہ کی گئی ہے؟

سوال ۴۔ شرا لدواب سے کیا مراد ہے؟

سوال ۵۔ سورۃ الاحزاب میں طلاق کا کیا خاص حکم بیان ہوا ہے؟

سوال ۶۔ سورۃ الانفال کے پہلے رکوع میں مومنوں کی کیا صفات بیان کی گئی ہیں؟

سوال ۷۔ خیانت سے کیا مراد ہے؟

سوال ۸۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک حدیث کا ترجمہ لکھئے۔

(i) من صلی علی مرۃ فتح اللہ لہ بابا من العافیتہ

(ii) لیس منا من لم یرحم صغیرنا ولم یوقر کبیرنا

سوال ۹۔ فضائل قرآن پر نوٹ لکھئے۔

سوال ۱۰۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کیوں ضروری ہے؟

سوال ۱۱۔ احادیث کی روشنی میں حصول علم کی اہمیت پر نوٹ لکھئے۔

سوال ۱۲۔ طہارت کے کیا فوائد ہیں؟

سوال ۱۳۔ اولاد کے حقوق و فرائض کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں کسی بھی تین سوالات کے جواب دیجئے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ سورۃ الانفال میں تقویٰ کے کیا انعامات بیان ہوئے ہیں۔

سوال ۱۵۔ غزوہ احزاب کے دوران آزمائش کی گھڑیوں میں اہل ایمان اور منافقین کا طرز عمل کیا تھا؟

سوال ۱۶۔ درج ذیل حدیث مبارکہ کا ترجمہ کرکے مکمل وضاحت کے ساتھ تشریح کیجئے۔

الراشی والمرتشی فی النار

سوال ۱۷۔ زوجین کے ایک دوسرے پر کیا حقوق ہیں؟

سوال ۱۸۔ جہاد کی مختلف اقسام بیان کیجئے۔